# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON CABINET SECRETARIAT ON THE PROTECTION OF RIGHTS OF REGULARIZED CIVIL SERVANTS AND EMPLOYEES BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Cabinet Secretariat, have the honour to present this report on the Bill to provide for protection of rights of civil servants and employees regularized on the recommendation of the Sub-Committee of the Cabinet [The Protection of Rights of Regularized Civil Servants and Employees Bill, 2024](Private Members Bill) referred to the Committee on 17th December, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1) | Mr. Ibrar Ahmed | Chairman |
| 2) | Mr. Ehsan-ul-Haq Bajwa | Member |
| 3) | Ms. Tahira Aurangzeb | Member |
| 4) | Ms. Nuzhat Sadiq | Member |
| 5) | Mr. Nelson Azeem | Member |
| 6) | Pir Ameer Ali Shah Jeelani | Member |
| 7) | Makhdoom Jamil-uz- Zaman | Member |
| 8) | Mr. Irfan Ali Leghari | Member |
| 9) | Syed Rafiullah | Member |
| 10) | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 11) | Ms. Rana Ansar | Member |
| 12) | Mr. Mohammad Awn Saqlain | Member |
| 13) | Mr. Muhammad Aslam Ghumman | Member |
| 14) | Mr. Abdul Latif | Member |
| 15) | Mr. Ali Asghar Khan | Member |
| 16) | Mr. Khurram Munawar Manj | Member |
| 17) | Syed Raza Ali Gillani | Member |
| 18) | Ms. Umber Majeed | Member |
| 19) | Sayed Sami Ullah | Member |
| 20) | Ms. Shahida Begum | Member |
| 21) | Minister in-charge of the Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly in its meeting held on 22nd July, 2025 and recommended that the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A;** may be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary General
Islamabad, 31st July, 2025

**Sd/-**
**(IBRAR AHMED)**
Chairman

**Annex-A**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**Bill**

*to provide for protection of rights of civil servants and employees regularized on the recommendations of the Sub-Committee of the Cabinet*

**WHEREAS** it is expedient to provide for protection of rights of civil servants and employees regularized on the recommendations of the Sub-Committee of the Cabinet and matters ancillary thereto and connected therewith;

It is hereby enacted as follows:—

**1. Short title, extent and commencement.**— (1) This Act may be called the Protection of Rights of Regularized Civil Servants and Employees Act, 2025.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

**2. Definitions.**— In this Act unless there is anything repugnant in the subject or context,—

(a) "**Act**" means the Civil Servants Act, 1973 (Act No. LXXI of 1973);

(b) "**Sub-Committee of the Cabinet**" means the Sub-Committee of the Cabinet constituted by the Cabinet for making recommendations regarding regularization of contract, daily wages or employees of any other similar category;

(c) "**competent authority**" means any officer or a body authorized to exercise any power to do any act under the provisions of the Civil Servants Act, 1973 (Act No. LXXI of 1973);

(d) "**Ordinance**" means the Federal Public Service Commission Ordinance, 1977 (Ordinance No. XLV of 1977);

(e) "**post**" means any post held by any employee appointed on contract or daily wages basis or employee of any other similar category;

(f) "**regularized civil servant or employee**" mean the civil servants or employees in any Basic Pay Scale regularized on the recommendation of the Sub-Committee of the Cabinet; and

(g) "**vacancy**" means any vacancy against whom any employee was appointed on contract or daily wage basis or employees of any other similar category.

**3. Protection of rights of regularized civil servants.**— (1) Notwithstanding anything contained in the Act and the Ordinance or any contrary notification, instruction

or order issued by any authority or any contrary decision of any Tribunal, High Court or the Supreme Court regarding regularization of any contract, daily-wage or any other similar category of employees, irrespective of overage, recommended by the Sub-Committee of the Cabinet for their regularization shall be deemed to be regularized and regularly appointed civil servants or employee from their date of initial appointment against the post or vacancy so appointed and regularized on the commencement of this Act.

(2) The seniority of the civil servants or employee regularized under sub-section (1), for the purposes of promotion under the relevant rules, shall be reckoned from their dates of initial appointment on the post or vacancy against which they were appointed and regularized.

**4. Removal of difficulties.**— (1) If any difficulty arises in giving effect to the provisions of this Act, the relevant competent authority of the civil servant or employee on just and equitable ground, not inconsistent with the provisions of this Act as appear to it to be necessary, may make such orders for removal of the difficulty.

(2) No power under sub-section (1) shall be exercised after two years of the commencement of this Act.

**5. Act to override other laws.**— The provisions of this Act shall have effect notwithstanding anything contrary contained in the Civil Servants Act, 1973 (Act No. LXXI of 1973), or the Federal Public Service Commission Ordinance, 1977 (Ordinance No. XLV of 1977), and the rules made thereunder and in any other law or in any order or judgment of a court including the Supreme Court or tribunal or any other authority for time being force.

---

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Federal Cabinet in the year 2008 had allowed for regularization of all daily wages, contract and other similarly placed employees in the Ministries, Divisions, Departments, Organization or Authorities, etc., initially appointed on daily wages, contract or other similar terms and conditions on short term basis and for such purpose constituted a Sub-Committee of the Federal Cabinet which had recommended for regularization of services of employees in BPS-1 and above appointed. It is against the interest of justice that employees or civil servants already regularized may be displaced or their service be dispensed with after a long time whereas there are numerous civil servants or employees whose cases had already been endorsed by different courts or tribunals from time to time.

2. Thousands of employees or civil servants will be affected whose services had already regularized since the year 2008 and now they have more than ten to fifteen years continuous services adding already rising unemployment in the country.

3. Bill seeks to achieve the above-said aims and objects.

SD/-
SYED KHURSHEED AHMED SHAH
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## باقاعدہ بنائے گئے سول سرونٹس اور ملازمین کے حقوق کا تحفظ بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ، ۱۷ دسمبر ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ کابینہ کی ذیلی کمیٹی کی سفارش پر باقاعدہ بنائے گئے سول سرونٹس اور ملازمین کے حقوق کے تحفظ کیلئے احکام وضع کرنے کے بل [باقاعدہ بنائے گئے سول سرونٹس اور ملازمین کے حقوق کا تحفظ بل ۲۰۲۴ء] (نجی اراکین کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب ابرار احمد | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب احسان الحق باجوہ | رکن |
| ۳۔ | محترمہ طاہرہ اورنگزیب | رکن |
| ۴۔ | محترمہ نزہت صادق | رکن |
| ۵۔ | جناب نیلسن عظیم | رکن |
| ۶۔ | پیر امیر علی شاہ جیلانی | رکن |
| ۷۔ | مخدوم جمیل الزمان | رکن |
| ۸۔ | جناب عرفان علی لغاری | رکن |
| ۹۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۱۰۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۲۔ | جناب محمد عون ثقلین | رکن |
| ۱۳۔ | جناب محمد اسلم گھمن | رکن |
| ۱۴۔ | جناب عبداللطیف | رکن |
| ۱۵۔ | جناب علی اصغر خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب خرم منور منج | رکن |
| ۱۷۔ | سید رضا علی گیلانی | رکن |
| ۱۸۔ | محترمہ امبر مجید | رکن |
| ۱۹۔ | سید سمیع اللہ | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شاہدہ بیگم | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۲ جولائی، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔الف پر موجود بل کو منظور کرے۔

دستخط/۔
(ابرار احمد)
چیئرمین

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل

اسلام آباد، ۳۱ جولائی، ۲۰۲۵ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

کابینہ کی ذیلی کمیٹی کی سفارشات باقاعدہ بنائے گئے دیوانی ملازمین اور حقوق ملازمین کے تحفظ کے لیے احکام وضع کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ کابینہ کی ذیلی کمیٹی کی سفارشات پر باقاعدہ بنائے گئے دیوانی ملازمین اور حقوق ملازمین کے تحفظ اور اُن سے مُنسلک وجڑے امور کے لئے قانون وضع کیا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ باقاعدہ بنائے گئے دیوانی ملازمین اور حقوق ملازمین کا تحفظ ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ پورے پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔** ایکٹ ہذا میں تاوقتیکہ کوئی امر سیاق وسباق کے منافی نہ ہو؛

(الف) ''ایکٹ'' سے مراد دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) ہے؛

(ب) ''کابینہ کی ذیلی کمیٹی'' سے مراد معاہداتی، یومیہ اُجرتی یا ایسے کسی دیگر درجہ کے ملازمین کو باقاعدہ بنانے کی بابت سفارشات پیش کرنے کے لیے کابینہ کی جانب سے تشکیل کردہ کابینہ کی ذیلی کمیٹی ہے؛

(ج) ''ہیئت مجاز'' سے مراد دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) کی تصریحات کے تحت کسی کام کے کرنے کی بابت کسی اختیار کے استعمال کرنے کے لیے مجاز کوئی افسر یا ادارہ ہے؛

(د) ''آرڈیننس'' سے مراد فیڈرل پبلک سروس کمیشن آرڈیننس، ۱۹۷۷ء (آرڈیننس نمبر ۴۵ بابت ۱۹۷۷) ہے؛

(ہ) ''اسامی'' سے مراد معاہداتی یا یومیہ اجرت یا اس طرح کی کسی دیگر درجہ پر تعینات کوئی ملازم ہے؛

(و) ''ریگولرائزڈ دیوانی سرونٹ یا ملازم'' سے مراد بنیادی تنخواہ کے اسکیل پر کام کرنے والے وہ ملازمین ہیں جن کو کابینہ کی ذیلی کمیٹی کی سفارش پر ریگولر کیا گیا تھا؛ نیز

(ز) ''اسامی'' سے مراد ایسی کوئی اسامی جس پر معاہداتی یا یومیہ اجرت یا اس طرح کے کسی دیگر درجہ پر تعینات کردہ کوئی ملازم ہے۔

۳۔ **باقاعدہ دیوانی ملازمین کے حقوق کا تحفظ۔** (۱) ایکٹ اور آرڈیننس یا کسی متناقض اطلاع نامہ، ہدایت یا کسی اتھارٹی کی جانب سے جاری کردہ حکم یا کسی ٹریبونل، عدالت عالیہ یا عدالت عظمیٰ کی جانب سے کسی معاہدہ، یومیہ اجرت یا کابینہ کی ذیلی کمیٹی کی جانب سے سفارش کردہ اسی قسم کے کوئی دیگر ملازمین قطع نظر زائد العمر، کو باقاعدہ بنانے کے حوالے سے کسی متناقض فیصلے میں مذکور کسی امر کے باوجود ایسے ملازمین ایکٹ ہذا کے آغاز سے اس عہدے یا اسامی پر تقررہ ملازمین ابتدائی تقرری کی تاریخ سے باقاعدہ ملازمین اور باقاعدہ طور پر تقرر شدہ دیوانی ملازمین یا ملازم متصور ہوں گے۔

(۲) متعلقہ قواعد کے تحت ترقی کے مقاصد کے لیے ذیلی دفعہ (۱) کے تحت با قاعدہ بنائے گئے دیوانی ملازمین یا ملازم کی سنیارٹی اس عہدے یا اسامی پر ان کی ابتدائی تقرری کی تاریخوں سے شمار کی جائے گی جس پر وہ تعینات کیے گئے تھے اور با قاعدہ بنائے گئے تھے۔

۴۔ **ازالہ مشکلات۔** (۱) اگر ایکٹ ہذا کی دفعات کو بروئے کار لانے میں کوئی دشواری پیش آتی ہے تو دیوانی ملازم، ملازم یا ملازم کی متعلقہ مجاز اتھارٹی منصفانہ اور مساویانہ بنیادوں پر جو کہ ایکٹ ہذا کی دفعات سے متضاد نہ ہو، جیسا کہ ضروری تصور کیا جائے، مشکل کو دور کرنے کے لیے ایسے احکامات صادر کر سکتا ہے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کوئی اختیار ایکٹ ہذا کے آغاز کے دو سال بعد استعمال نہیں کیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ دیگر قوانین کی تنسیخ کرے گا۔** دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) یا فیڈرل پبلک سروس کمیشن آرڈیننس، ۱۹۷۷ء (آرڈیننس نمبر ۴۵ بابت ۱۹۷۷ء) اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد اور کسی دیگر قانون میں یا عدالت بشمول عدالت عظمیٰ یا ٹربیونل یا وقتی طور پر کسی دیگر اتھارٹی کے کسی فیصلے میں مذکور کسی امر کے باوجود ایکٹ ہذا کی دفعات موثر ہوں گی۔

## بیان اغراض و وجوہ

وفاقی کابینہ نے ۲۰۰۸ء تمام یومیہ اجرتی، معاہداتی اور دیگر اسی طرح وزارتوں، ڈویژنوں، محکموں، اداروں یا اتھارٹیوں وغیرہ میں رکھے گئے ملازمین جن کی ابتدائی تقرری مختصر المدت کی بنیاد پر یومیہ اجرتی، معاہداتی یا دیگر اسی طرح کی قیود و شرائط پر کی گئی تھی کو با قاعدہ کرنے کی اجازت دی تھی اور اس مقصد کے لئے وفاقی کابینہ نے ذیلی کمیٹی تشکیل دی جس نے بی پی ایس۔ اا اور بالا میں تقرر کیے گئے ملازمین کی ملازمتوں کو با قاعدہ کرنے کی سفارش کی تھی۔ یہ انصاف کے منافی ہے کہ پہلے سے با قاعدہ کردہ ملازمین یا دیوانی ملازمین کو طویل عرصہ کے بعد معزول کر دیا جائے یا ان کی ملازمت کو ختم کر دیا جائے جبکہ متعدد دیوانی ملازمین یا ملازمین ہیں جن کے کیسز کی وقتاً فوقتاً مختلف عدالتوں اور ٹربیونلز کی جانب سے پہلے سے توثیق کر دی گئی تھی۔

۲۔ ہزاروں ملازمین یا دیوانی ملازمین متاثر ہوں گے جن کی ملازمتوں کو سال ۲۰۰۸ء سے پہلے ہی با قاعدہ کر دیا گیا تھا اور اب وہ دس سے پندرہ سال سے زائد کی مسلسل ملازمت رکھتے ہیں جس سے ملک میں پہلے سے بڑھتی ہوئی بیروزگاری میں اضافہ ہو گا۔

۳۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض و مقاصد کا حصول ہے۔

دستخط/-

**سید خورشید احمد شاہ**

**رکن قومی اسمبلی**